

جمال الاولیا
حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی

قال اللہ تعالیٰ

کلما دخل علیھا زکریا المحراب وجد عندھا رزقا ط قال یمریم انی لک ھذا ط قالت ھو
من عند اللہ ط ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب

آیت بالا سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ سے کرامتوں کا صدور ہوتا ہے اور ذکر فرمانے سے معلوم ہوا کہ کرامات کا ذکر کرنا منافع دینیہ کیلئے مطلوب ہے اور مقصود یعنی تحصیل رضا و تقویت ایمان ہیں معین ہے اس لئے کتاب

جمال الاولیاء

ترجمہ کتاب لابع علامات الاولیاء جو تلخیص ہے جامع کرامات الاولیاء مؤلفہ شیخ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی کی جس کی تالیف کا اختتام ۱۳۲۴ھ میں ہوا۔ اور ۱۳۲۹ھ میں مصر میں طبع ہوئی ہے۔

جس کے معتدبہ حصہ کی تلخیص ایک خاص معیار پر

حضرت اقدس حکیم الامۃ مجدد الملۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی دام فیوضہم نے فرمائی اور حضرت دام ظلہم العالی کے ارشاد سے بقیہ کتاب کی تلخیص اسی معیار پر اور کل کا ترجمہ احقر جمیل احمد تھانوی نے کیا۔

(منگانے کا پتہ)

مکتبہ اسلامیہ بلال گنج لاہور

قیمت 90 روپے

اور مجھے حیرانی سے نکال دیا سارا قصہ بیان کر دیا تو حضرت شیخ نے معاف فرما دیا۔ ابن الحنبلی رح نے شیخ الشیوخ موفق بن ابی ذر سے نقل کیا ہے کہ وہ ایک دن بین النوم والیقظہ تھے دیکھا کہ ایک پرندہ ان کے مکان پر آ بیٹھا اور دیر تک لوٹ پوٹ ہوتا رہا کہتے ہیں کہ میں گھبرا کر جاگ گیا مگر پھر کپڑا سر کے اوپر کو کھینچ لیا تو ایک غیبی آواز آئی کہ یہ شیخ خراسانی کی روح ہے اس کے بعد چند ہی دن گزرے تھے کہ شیخ خراسانی کی وفات ذوالحجہ ۹۲۵ھ میں ہو گئی آپ کے دفن کے دن بہت مجمع تھا اور قبر مبارک پر شہر حلب کے باب الفرج کے باہر عمارت بنا دی گئی ہے جس کو امیر یونس عادل نے بنوایا ہے اس کو غزی رح بیان کیا ہے۔

محمد الشربینی: شیخ بزرگ ولی صاحب کشف بڑے امام اور اولیاء کبار میں سے تھے مشرقی نواح مصر کے درویشوں کی ایک جماعت کے شیخ اور صاحب حالات و مکاشفات تھے تمام اطراف زمین پر ایسے کلام فرماتے تھے کہ گویا آپ کی پرورش وہیں ہوئی ہے امام شعرانی کہتے ہیں کہ جب ان کے بیٹے احمد بہت کمزور ہو گئے اور موت کے قریب پہنچ گئے اور حضرت عزرائیل روح قبض کرنے کیلئے آ گئے تو آپ نے حضرت عزرائیل سے عہ فرمایا اپنے رب کی طرف لوٹ جاؤ اور ان سے رجوع کرو کیونکہ اب یہ معاملہ منسوخ ہو گیا ہے حضرت عزرائیل واپس ہو گئے اور میاں احمد تندرست ہو گئے اور اس کے بعد تیس سال تک زندہ رہے آپ کو جس چیز کی گھر وغیرہ کی ضرورت کیلئے حاجت ہوتی ہوا میں ہاتھ کر کے لے لیتے اور گھر والوں کو دیدیتے تھے امام شعرانی فرماتے ہیں۔ کہ ایک سیاح سے روایت ہے کہ ان کی اولاد کچھ تو ملک مغرب میں مراکش کے بادشاہ کی بیٹی سے تھی اور کچھ اولاد بلاد عجم میں تھی اور کچھ بلاد ہند میں اور کچھ بلاد بحر روم میں تھی آپ ایک ہی وقت میں ان تمام شہروں میں اپنے اہل و عیال کے پاس ہو آتے اور ان کی ضرورتیں پوری فرما دیتے تھے اور ہر شہر والے یہ سمجھتے تھے کہ وہ انہی کے پاس قیام رکھتے ہیں اور اپنی متفرق صورتوں اور مختلف شکلوں میں آتے جاتے رہنے کی وجہ سے

عہ اس میں کوئی استبعاد نہیں ہو سکتا ہے کہ ان کو اس سے پہلے سے یہ مقدر ہو جس کا نہ ان کو علم ہونا ضروری ہے نہ حضرت عزرائیل کو صرف حق تعالیٰ کے علم میں ہو کہ فلاں وقت قبض روح کیلئے فرشتہ بھیجا جائیگا یہ جا کر نیچے اور فلاں وقت تک جو مقرر موت ہو تو خود کہ دیجائیگی اب مسئلہ موت پر اشکال از حضرت عزرائیل کے معاملے پر۔"